## نسلی مساوات کے فروغ سے متعلق
## موجودہ اور منصوبہ بند اقدامات

### یونیورسٹی گرانٹس کمیٹی سیکرٹریٹ

یونیورسٹی گرانٹس کمیٹی (UGC) ہانگ کانگ کی خصوصی انتظامی علاقے کی حکومت کو ہانگ کانگ کے اندر اعلیٰ تعلیم کے لیے مالی وسائل کی فراہمی اور حکمت عملی پر مبنی ترقی کے بارے میں مشورہ دینے والا غیر آئینی ادارہ ہے۔ اس کردار میں، UGC سیکرٹریٹ اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں مہارت کو فروغ دینے کی خاطر یونیورسٹیوں، انتظامیہ اور کمیونٹی کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے، تاکہ وہ ہانگ کانگ کو خطے کے تعلیمی مرکز کے طور پر مستحکم کرے اور ہانگ کانگ کی معاشی اور سماجی ترقی کو فروغ دینے کے لئے اعلیٰ قابلیت کے حامل لوگوں کی تربیت کرے۔ UGC سیکرٹریٹ تمام تر عوام الناس کے نسلی پس منظر سے قطع نظر، ان تک معلومات کی مساوی رسائی کو یقینی بنانے کو بہت اہمیت دیتا ہے۔

**متعلقہ خدمات**

- UGC ہانگ کانگ میں اعلیٰ تعلیم کے لئے مالی وسائل کی فراہمی اور حکمت عملی پر مبنی ترقی سے متعلق ہانگ کانگ کی خصوصی انتظامی علاقے کی حکومت اور UGC کے مالی تعاون سے چلنے والی یونیورسٹیوں کو مشاورتی خدمات اور معاونت فراہم کرتا ہے۔

**موجودہ اقدامات**

- متنوع نسل کے لوگوں کی جانب سے کیے جانے والے استفسارات کو منظم کرنے کے لئے مترجم کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔
- سروس کاؤنٹر پر خدمات انجام دینے والا عملہ لسانی خدمات کی پالیسیوں نیز ضرورت مند ملاقاتیوں کے لئے دستیاب زبان کی خدمات کو متعارف کرانے کے مجوزہ طریقہ ہائے کار سے واقف ہے۔

**مستقبل کے کام کا جائزہ**

- UGC سیکرٹریٹ متنوع نسلوں کے لوگوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے مقصد سے ہماری خدمات کا وقتاً فوقتاً جائزہ لینا جاری رکھے گا۔
- فراہم کردہ خدمات میں مسلسل بہتری کے لئے عملے اور عوام کے افراد کے تاثرات / تجاویز پر غور و خوض جاری رہے گا۔
- خدمات کی فراہمی کے مسلسل جائزے اور بہتری کے لئے متنوع نسل کے لوگوں کی جانب سے خدمات کے استعمال سے متعلق اعداد و شمار اور معلومات اکٹھی کرنے اور حوالے کے لئے متعلقہ پالیسی بیورو کو بھیجنے کا عمل جاری رہے گا۔

| | |
|---|---|
| کئے گئے/کئے جانے والے اضافی اقدامات | • UGC سیکرٹریٹ نے استقبالیہ کاؤنٹر پر خدمت انجام دینے والے عملے کے اندر نسلی مساوات کی آگہی، اور اس حوالے سے حساسیت میں اضافہ کرنے کے لئے ان کی تربیت کا انتظام کیا ہے، اور وہ ایسا کرنا جاری رکھے گا۔ |

نسلی مساوات کے فروغ سے متعلق موجودہ اور منصوبہ بند اقدامات کے بارے میں استفسارات کے لیے، براہ کرم مندرجہ ذیل ذرائع سے، Senior Executive Officer (Administration) مسٹر Mr. Edmund Chiu سے رابطہ کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ٹیلیفون نمبر | : | (852) 3959 0445 |
| فیکس نمبر | : | (852) 2845 1596 |
| ای میل | : | echiu@ugc.edu.hk |
| ڈاک کا پتہ | : | 7/F., Shui On Centre,<br>6-8 Harbour Road, Wanchai,<br>Hong Kong SAR |

**یونیورسٹی گرانٹس کمیٹی سیکرٹریٹ**
**مئی 2024**